## سوال

غیر مسلم کا مسلمانوں کی مسجد میں عبادت کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا غیر مسلم کو اجازت ہے کہ وہ مسجد میں آکر اپنی عبادت کرے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مسئلہ ھذا میں اہل علم کا سخت اختلاف ہے۔ لیکن میرے خیال میں بطور تالیف یا مصلحت دین کوئی حرج نہیں جس طرح کہ نصرانی وفد نجران کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ٹھرایا۔ (1)اور وہ اپنے طور طریقہ پر عبادت کرتا رہا۔ (تفسیر بن کثیر وغیرہ) لیکن عام حالات میں اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ بظاہر اس سے ان کی شان وشوکت کا پہلول نکلتا ہے۔ جو غلبہ ء دین کا منافی ہے۔

قرآن میں ہے لِيُظهِرَهُ عَلَى الدّينِ كُلِّهِ ۲۸ ... سورة الفتح

اور حدیث میں ہے «الاسلام یعلو ولا یعلیٰ علیہ» (2)

---

1۔ الطبقات لا بن سعد (۱/۳۵۷) البدایہ والنھایہ (۵/۱۵) تاریخ الاسلام للذہبی (المعارجي/٦٩٥) قال ابن اسحاق حدثنی محمد بن جعفر بن الزبیر قال ...الخ
2۔ حسنہ ابن حجر والالبانی صحیح البخاري کتاب الجنائز باب اذا اسلم الصبی فمات ھل یصلی علیہ؟ رقم الباب (۷۹) تعلیقا دار قطنی (۳/۲۵۲) ارواء الغلیل (۱۲٦۸) فتح الباري (۳/220) عن ابن عباس
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

**ج1ص193**